## 21203 - دوران حمل بچے کودودھ پلانا

**سوال**

میں اپنے دس ماہ کے بچے کودودھ پلارہی ہوں اورمجھے حمل بھی ہے ، توکیا مجھے حمل کی وجہ سے اپنے بچے کودودھ پلانے سے رک جانا چاہئے ؟ یا کہ میں حمل کے باوجود دودھ پلاتی رہوں ؟
اورکیا دوران حمل بچے کودودھ پلانا حرام ہے کہ حلال ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ

دوران حمل بچے کودودھ پلانے کے متعلق کسی ماہر ڈاکٹر کی رائے پر عمل کرنا چاہیے اگر تووہ کہے کہ دوران حمل بچے کودودھ پلانا حمل کے لیے نقصان دہ نہیں اورنہ ہی دودھ پینے والے بچے کی صحت پر اثرانداز ہوتا ہے تو دودھ پلانے میں کوئي مانع نہیں اوردودھ پلانا جائز ہے ۔

لیکن اگر دودھ پلانا حمل یا پھر دودھ پینے والے بچے کے لیے مضر ہوتو آپ بچے کودودھ نہ پلائیں ۔

واللہ اعلم .